# 06-05-2025 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

## سرخیاں

......مرکزی حکومت کی ہدایت کے مطابق کل ملک بھر میں منعقد کی جانے والی ماک ڈریل کے حصے کے طور پر ریاست کومختلف علاقوں میں محکمہ دفاع کے زیر اہتمام خصوصی پروگرام منعقد ہوں گے۔

......آرٹی سی کے ملازمین نے کل سے شروع ہونے والی اپنی غیر معینہ مدت کی ہڑتال ملتوی کردی ہے۔

......ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرمارکا نے مرکزی حکومت سے درخواست کی ہے کہ وہ ریاست کے لئے بھاری تعداد میں سولار پمپ سٹس مختص کریں

......مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے کمار نے کہا ہے کہ ریاست کی مالی صورتحال کے بارے میں چیف منسٹر ریونت ریڈی کا تبصرہ نامناسب ہے۔

## HYDERABAD  MOCK DRILL

مرکزی حکومت کی ہدایت کے مطابق کل ملک بھر میں منعقد کی جانے والی ماک ڈریل کے حصے کے طور پر ریاست کومختلف علاقوں میں محکمہ دفاع کے زیر اہتمام خصوصی پروگرام منعقد ہوں گے۔ دونوں شہروں میں سکندرآباد۔ گولکنڈہ۔ کنچن باغ۔ ڈی آرڈی او۔ اور مولاعلی۔ این ایف سی۔ علاقوں میں ماک ڈریل ہوگی۔ مرکزی حکومت کی ہدایت کے مطابق منعقد کئے جانے والے اس دوران عوام کو بتایا جائے گا کہ ہنگامی حالات میں انہیں کونسے احتیاطی اقدامات کرنے ہوں گے۔ اس دوران وشوا ہندو پریشد نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ ماک ڈریل کے سلسلے میں مقامی حکام کے ساتھ تعاون کریں۔ اس تنظیم کے ترجمان آرششی دھرنے ایک بیان میں کہا کہ عوام کو اس ماک ڈریل میں سرگرمی کے ساتھ حصہ لینا چاہیے۔

## MOCK DRILL

مرکزی وزارت داخلہ نے تمام ریاستوں سے کہا ہے کہ وہ کل ماک ڈریل منعقد کریں۔ تا کہ عوام کو بتایا جاسکے کہ انہیں جنگی صورتحال میں خود کو کس طرح تیار کرنا ہوگا۔ وزارت داخلہ نے کہا کہ فضائی حملوں کی صورت میں انتباہی سائرن بجنے پر عوام کو کونسے احتیاطی اقدامات کرنے ہوں گے اس سلسلے میں بیداری پیدا کی جائے گی۔ اس کے علاوہ عوام کو دشمن کے حملوں کی صورت میں اپنے حفاظتی اقدامات کے سلسلے میں بھی ضروری ہدایت دی جائے گی۔

## RTC STRIKE

آرٹی سی کے ملازمین نے کل سے شروع ہونے والی اپنی غیر معینہ مدت کی ہڑتال ملتوی کردی ہے۔ وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر کے ساتھ مذاکرات کے بعد ٹی جی ایس آرٹی سی۔ کی جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے قائدین نے یہ اعلان کیا۔ وزیر ٹرانسپورٹ کے ساتھ یہ مذاکرات

کامیاب رہے۔حکومت نے ملازمین کے مسائل کا جائزہ لینے کے لئے تین آئی اے ایس۔عہدیداروں پر مشتمل کمیٹی تشکیل دینے کا اعلان کیا ہے۔ یہ کمیٹی نوین متل ۔لوکیش کمار۔اور کرشنا بھاسکر پر مشتمل ہوگی۔کمیٹی سے کہا گیا ہے کہ وہ جے اے سی قائدین کے ساتھ مذاکرات کرے۔اور ایک ہفتے کے اندر اپنی رپورٹ پیش کرے۔ جے اے سی کے قائدین نے کہا کہ ان کا یہ فیصلہ عارضی ہے۔اور اگر ان کے مطالبات تسلیم نہیں کئے گئے تو وہ ہڑتال شروع کریں گے۔

DYPT CM

ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرمارکا نے مرکزی حکومت سے درخواست کی ہے کہ وہ ریاست کے لئے بھاری تعداد میں سولار پمپ سٹس مختص کریں۔انہوں نے آج دہلی میں مرکزی وزیر برائے نئی توانائی پرہلاد جوشی کو ایک یادداشت پیش کی۔ڈپٹی چیف منسٹر نے درخواست کی کہ زرعی شعبے کو مستحکم کرنے کے لئے ریاستی حکومت کی جانب سے کئے جارہے اقدامات کے لئے مرکز تعاون کرے۔انہوں نے کسم اے اسکیم کے تحت ریاست کو مزید فنڈس مختص کرنے کی درخواست کی۔انہوں نے کہا کہ ریاست میں زرعی شعبے کو بلا روکاوٹ برقی کی سربراہی کے لئے اور مستقبل کی ضروریات کی تکمیل کے لئے حکومت توانائی کے متبادل وسائل پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔انہوں نے پی ایم کسم اے کے تحت ریاست کے لئے 500 کیلوواٹ سے لے کر دو میگا واٹ تک کی گنجائش کے چار ہزار میگا واٹ سولار پاور پلانٹ منظور کرنے کی درخواست کی۔

OBALAPURAM

اوبلا پورم مائنگ کیس میں سی بی آئی کی خصوصی عدالت نے فیصلہ سنا دیا ہے۔عدالت نے پانچ ملزمین کو قصور وار قرار دیا ہے۔اس نے خاطیوں کو سات سال کی سزائے قید اور فی کس دس ہزار روپئے کا جرمانہ عائد کیا ہے۔جن مجرمین کو قصور وار قرار دیتے ہوئے انہیں سزائے قید سنائی گئی ہے ان میں کرناٹک کے سابق وزیر گالی جناردھن ریڈی۔شامل ہیں۔اس کے علاوہ بی وی سرینواس ریڈی۔محفوظ علی خان۔راج گوپال ریڈی۔کو بھی قصور وار قرار دیتے ہوئے انہیں سزائے قید سنائی گئی ہے۔اس وقت کی وزیر سبیتا اندرا ریڈی کو بے قصور قرار دیا گیا ہے۔عدالت نے مائنگ کمپنیوں پر دو لاکھ روپئے کا جرمانہ عائد کیا ہے۔

BANDI SANJAY

مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے کمار نے کہا ہے کہ ریاست کی مالی صورتحال کے بارے میں چیف منسٹر ریونت ریڈی کا تبصرہ نامناسب ہے۔انہوں نے راجنا سرسلہ ضلع کے ایلا ریڈی پیٹ منڈل میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ چیف منسٹر نے اعتراف کر لیا ہے کہ وہ انتخابات کے دوران عوام سے کئے گئے وعدوں کی تکمیل نہیں کر سکتے۔مرکزی وزیر نے کہا کہ معمر افراد کے وظیفے اور بے روزگاروں کے لئے الاونس کے بشمول تمام وعدوں کو تکمیل میں حکومت ناکام ہوگئی ہے۔انہوں نے راہول گاندھی سے سوال کیا کہ انہوں نے ہاتھ میں دستور کو تھام کر تلنگانہ کے عوام سے کئے گئے وعدوں پر اب کیا کہیں گے۔انہوں نے کہا کہ چیف منسٹر کے تبصرے سے وزراء اور کانگریس کے ارکان اسمبلی میں خوف کا ماحول پیدا ہوگیا ہے۔

SANDEEP SHINDELIYA

تلنگانہ اسٹیٹ اینٹی نارکوٹیکس بیورو کے ڈائریکٹر سندیپ شنڈ یلہ نے کہا ہے کہ وہ ریاست کو منشیات اور ملاوٹی شراب سے پاک کرنے کے لئے ہرممکن کوشش کریں گے۔انہوں نے کہا کہ نظام آباد اور کاماریڈی کے علاوہ ان علاقوں میں جہاں ملاوٹی شراب کی فروخت ہوتی ہے عوام خصوصاً نوجوانوں میں بیداری پیدا کرنے کے لئے اقدامات کئے جائیں گے۔ انہوں نے آج حیدرآباد کمانڈ کنٹرول سنٹر پر 26 موٹرگاڑیوں کوجھنڈی دکھائی۔ان موٹرگاڑیوں کے ذریعہ بیورو کے ملازمین۔مختلف بیداری پروگرام منعقد کرنے کے لئے روانہ ہوئے ہیں۔ یہ عملہ 90 دیہاتوں میں بیداری کیمپ منعقد کرے گا۔سندیپ شنڈ یلہ نے کہا کہ بعض عناصر شراب میں مختلف اشیاء کی ملاوٹ کرتے ہوئے عوام کی زندگیوں سے کھلواڑ کررہے ہیں اوران سے سختی کے ساتھ نمٹا جائے گا۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ ملاوٹی شراب اورمنشیات کے بارے میں فون نمبر 1908 پراطلاع دیں۔

MOISTS

بھدرادری کتہ گوڑم ضلع کے ایس پی روہیت راج نے کہا ہے کہ جاریہ سال کے دوران 227 ماونوازوں نے ہتھیار ڈال دیئے ہیں۔ آپریشن چیوتا سے متاثر ہوکر آج سی پی آئی ایم ایل پارٹی کے 14 ماونوازوں نے ایس پی روہیت راج کے سامنے خودسپردگی اختیار کرلی۔ ان میں 11 مرد اور 3 خواتین شامل ہیں۔اس موقع پرایس پی نے ان ماونوازوں کوفوری امداد کے طور پر فی کس پچیس ہزارروپے چیکس پیش کئے۔کتہ گوڑم ہیماچندراپورم پولیس ہیڈکوارٹرس پرمنعقدہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ایس پی نے کہا کہ قبائیلیوں کی ترقی کے لئے پولیس اورسی آر پی ایف مختلف پروگرام روبہ عمل لارہے ہیں۔

Sound byte

BHU BHARATHI

راجنا سرسلہ ضلع کے کلکٹر سندیپ کمار جھانے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ اراضی کے مسائل کے مستقل حل کے لئے حکومت کی جانب سے لائے گئے قانون بھوبھارتی پرعمل آوری کے سلسلے میں منعقد کئے جارہے ریونیوسداسو سے استفادہ کریں۔انہوں نے بھوبھارتی پائلٹ پراجکٹ کے تحت مختلف مقامات پر ریونیوسداسو کے انتظامات کا جائزہ لیا۔

MANTHANI

پداپلی کی کلکٹر کویا شری ہرشانے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ ورنگل اور منچریال قومی شاہراہ سے متعلق سی این جی کے کاموں میں تیزی لائیں اورانہیں تین دن میں مکمل کرلیں۔انہوں نے منتھنی منڈل کے ویم پاڈوگاوں میں قومی شاہراہ کے کاموں کا جائزہ لیا۔اس کے علاوہ منتھنی زرعی مارکٹ یارڈ میں انہوں نے دھان کی خریدی سے متعلق کاموں کا بھی جائزہ لیا۔انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ کسانوں کے اگائے ہوئے پورے اناج کی خریدی کے لئے تمام اقدامات کریں۔